© rasailojaraid.com

**افتاء اور اصولِ افتاء، مؤلف:** مولانا مفتی محمد عیسیٰ خان گورمانی، **ناشر:** مکتبۃ المفتی، جامعہ فتاح العلوم، نوشہرہ سانسی، گوجرانوالہ۔ **صفحات:** ۱۶۵۔

مفتی محمد عیسیٰ خان گورمانی مدظلہ جامعہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ میں طویل عرصہ تک صدر مفتی رہے ہیں، یہ کتاب جیسا کہ نام سے ظاہر ہے انہوں نے فتویٰ کے اصول وضوابط سے متعلق تحریر کی ہے، کتاب کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے، حصہ اوّل میں لفظ فتویٰ کی لغوی و معنوی تحقیق، مفتی کی ذمہ داری، اسلام میں فتویٰ کی اہمیت اور افتاء کے آٹھ علمی اصول وغیرہ ذکر کیے گئے ہیں۔ حصہ دوم میں مآخذ و مراجع فقہ حنفی، امام ابوحنیفہ کے مذہب کا ماخذ، طبقاتِ فقہاء اور مسائل وروایات کے درجات، آخر میں امام محمد بن حسن الشیبانی کی شخصیت اور ان کی کتابوں کا تعارف پیش کیا گیا ہے۔ حصہ سوم میں آدابِ افتاء، آدابِ افتاء سے متعلق شیخ الحدیث حضرت مولانا سرفراز خان صفدر اور مولانا صوفی عبدالحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ کے بعض افادات کو نقل کیا گیا ہے، ”فقہاء کرام کی فراست وبصیرت“ کے عنوان کے تحت بعض تحقیقی فتاویٰ جات نقل کیے گئے ہیں۔

کتاب کی طباعت واشاعت درمیانے درجے کی ہے، یہ کتاب کارڈ ٹائٹل کے ساتھ شائع ہوئی ہے۔

**فضل الرحمان في حلّ تركيب القرآن، مؤلف:** مفتی محمد عبداللہ، **ناشر:** المصباح، ہیڈ آفس، ۱۶۔ اردو بازار لاہور، **صفحات:** ۵۱۸، **قیمت:** درج نہیں۔

یہ کتاب قرآن مجید کے آخری تین پاروں کی نحوی ترکیب ہے، جس میں پہلے آیت کو ذکر کر کے پھر آسان اور سہل پیرائے میں اس کی ترکیب ذکر کی گئی ہے، جس سے آیت کے معنیٰ کو سمجھنا آسان ہو جاتا ہے۔ عربی زبان میں قرآن مجید کی نحوی ترکیب سے متعلق ذخیم جلدوں پر مشتمل کئی کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں، اردو میں تفسیر حقانی میں بھی ہر آیت کی تفسیر کے تحت بعض جگہ اردو اور بعض جگہ عربی میں اجمالی تراکیب ذکر کی گئی ہیں۔ لیکن اردو زبان کے اعتبار سے یہ اپنی نوعیت کی پہلی کتاب ہے جو قرآن مجید کی تفصیلی ترکیب نحوی پر مشتمل ہوگی، ہمارے پیش نظر اس وقت اس کی دسویں جلد ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ باقی ستائیس پاروں کی ترکیب نو جلدوں میں آئے گی۔ کتاب کی ابتدا میں متعدد اکابر اہل علم کی تقاریظ ہیں، جس میں کتاب کی ترتیب وتالیف میں کی گئی محنت وسعی کو سراہا گیا ہے، امید ہے کہ یہ کتاب قرآن مجید کے فہم و تدبر اور اس کے معانی و رموزات کو سمجھنے، سمجھانے میں معاون و مددگار ثابت ہوگی، کتاب کی طباعت واشاعت اچھی ہے، ورق ہلکا اور جلد بندی مضبوط ہے، مکتبۃ المصباح لاہور نے اس کی اشاعت کا اہتمام کیا ہے۔


© rasailojaraid.com